سوال

(553)ساٹھ روپیہ قیمت کے سونے پر زکواۃ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض علماء فرماتے ہیں کہ سونا ساڑھے ساتھ تولے ہوتب زکواۃ فرض ہوتی ہے۔ اس سے کم پر فرض نہیں ہے۔ اور بعض کا فرمان ہے کہ جتنے سونے کی قیمت ساٹھ روپیہ ہو جاوے۔ اس پر ذکواۃ فرض ہے۔ کیونکہ حضورﷺ کے عہد مبارک میں ساڑھے سات تولہ کی قیمت ساٹھ روپیہ تھی کیا حکم ہے۔ ؟ (اسمعیل بہاولپور)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نص حدیث سے وزن معتبر ہے۔ اور زمانہ کے اقتضاء کے لحاظ سے قیمت معتبر ہے۔ جس صورت میں غرباء اور فقراء کا فائدہ ہو وہی اختیار کریں۔ بحکم۔ فَمَن يَعمَل مِثقالَ ذَرَّةٍ خَيرًا يَرَهُ ﴿٧﴾ سورة الزلزلة

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص725

محدث فتویٰ